Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

# تَرْجَمَةُ الْقُرْآنِ الْمَجِيْد

برائے جماعت دہم

## سُوْرَةُ يُوْنُس

LAST HOPE STUDY
Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com

### درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) قیامت کے دن کفار کو دنیا کی راحت و لذت والی زندگی محسوس ہوگی:

(الف) خوب صورت (ب) مختصر (ج) شان دار (د) کامیاب

(ii) سُوْرَةُ یُوْنُس کے ابتدائی حروف ہیں:

(الف) الٓرٰ (ب) کٓھٰیٰعٓصٓ (ج) الٓمّٓ (د) نٓ

(iii) قیامت کے دن مشرکین سے ان کے معبود کریں گے:

(الف) حُسنِ سلوک (ب) اظہارِ براءت (ج) سفارش (د) تعاون

(iv) سُوْرَةُ یُوْنُس میں آخرت کو کہا گیا ہے:

(الف) ابدی (ب) عارضی (ج) محدود (د) فانی

(v) قرآنِ مجید کی ترتیب کے مطابق سُوْرَةُ یُوْنُس کا نمبر ہے:

(الف) نواں (ب) دسواں (ج) گیارھواں (د) بارھواں

### مختصر جواب دیں۔

(i) سُوْرَةُ یُوْنُس کا مرکزی موضوع تحریر کریں۔

(ii) سُوْرَةُ یُوْنُس میں موجود اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے دو دلائل لکھیں۔

(iii) بُت پرستی کی تردید کے دو دلائل تحریر کریں۔

(iv) سُوْرَةُ یُوْنُس میں قرآن مجید کی حقانیت کے بارے میں کفار کو کیا چیلنج دیا گیا ہے؟

(v) سُوْرَةُ یُوْنُس میں حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کو سابقہ انبیائے کرام علیہم السّلام کے واقعات سے کیسے تسلی دی گئی؟

**(i) سُوْرَةُ یُوْنُس کا مرکزی موضوع تحریر کریں۔**

جواب: سُوْرَةُ یُوْنُس کا مرکزی مضمون عقیدۂ توحید، رسالت، قیامت کا دلائل کے ساتھ اثبات اور مشرکین کے عقائدِ باطلہ کی تردید ہے۔

**(ii) سُوْرَةُ یُوْنُس میں موجود اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے دو دلائل لکھیں۔**

جواب: سُوْرَةُ یُوْنُس میں اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ اور توحید کے ثبوت پر تفصیلی دلائل دیتے ہوئے ارشاد فرمایا گیا ہے کہ وہی اللہ ہے جس نے سورج کو تیز روشنی والا اور چاند کو نور بنایا، چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم سالوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو اسی طرح دن اور رات کی تخلیق اور

www.LastHopeStudy.com
Last Hope Study
Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

زمین و آسمان اور جو کچھ ان میں موجود ہے ان سب کی تخلیق میں اللہ تعالیٰ نے بے شمار نشانیاں رکھی ہیں۔

**(iii) بُت پرستی کی تردید کے دو دلائل تحریر کریں۔**

جواب: بُت پرستی کی تردید کے دو دلائل درج ذیل ہیں:

(i) کفار بھی جانتے ہیں کہ رزق دینے والا، کانوں اور آنکھوں کا مالک، زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالنے والا اور ہر امر کی تدبیر کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

(ii) یہ اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتے۔

**(iv) سُوْرَۃُ یُوْنُس میں قرآن مجید کی حقانیت کے بارے میں کفار کو کیا چیلنج دیا گیا ہے؟**

جواب: **سُوْرَۃُ یُوْنُس میں قرآن مجید کی حقانیت بیان کی گئی ہے کہ یہ قرآن مجید کوئی من گھڑت کتاب نہیں، اگر کسی کو اس کی صداقت میں شک ہے تو** وہ اس طرح کی کوئی ایک سورت ہی لا کے دکھا دے، لیکن یہ کفار اپنے باپ دادا کی اندھی تقلید میں قرآن مجید کو جھٹلا رہے ہیں۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو فرمایا گیا کہ اگر یہ نہیں مانتے تو انھیں فرما دیں کہ تم اپنے اعمال کے ذمہ دار ہو اور میں اپنے اعمال کا ذمہ دار ہوں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا کام فقط اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا ہے۔

Last Hope Study

**(v) سُوْرَۃُ یُوْنُس میں حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو سابقہ انبیائے کرام علیہم السلام کے واقعات سے کیسے تسلی دی گئی؟**

جواب: **سُوْرَۃُ یُوْنُس کے آخر میں متعدد انبیائے کرام علیہم السلام کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ** اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو تسلی دی گئی ہے کہ ان انبیائے کرام علیہم السلام کی اقوام نے انھیں جھٹلایا اور سرکشی کی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں اور ایمان والوں کو بچالیا اور سرکش اقوام کو تباہ و برباد کر دیا۔

## تفصیلی جواب دیں۔

- سُوْرَۃُ یُوْنُس کے بنیادی مضامین تحریر کریں۔

جواب: **سُوْرَۃُ یُوْنُس کے بنیادی مضامین**

سُوْرَۃُ یُوْنُس کی ابتدائی آیات میں قرآنِ مجید کی آیات کو کمال حکمت والی آیات قرار دیا گیا ہے۔ قریش کی حالت کے متعلق ارشاد فرمایا گیا ہے کہ یہ حکمت والی آیات جو اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر اتاری ہیں، چاہیے تو یہ تھا کہ وہ اس کتاب کی قدر کرتے لیکن وہ ضد اور عناد کی وجہ سے اس رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو نَعُوْذُ بِاللّٰهِ ساحر قرار دیتے ہیں۔

### اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ اور توحید کے ثبوت

سُوْرَۃُ یُوْنُس میں اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ اور توحید کے ثبوت پر تفصیلی دلائل دیتے ہوئے ارشاد فرمایا گیا ہے کہ وہی اللہ ہے جس نے

www.LastHopeStudy.com

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

سورج کو تیز روشنی والا اور چاند کو نور بنایا، چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم سالوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو۔ اسی طرح دن اور رات کی تخلیق اور زمین و آسمان اور جو کچھ ان میں موجود ہے، ان سب کی تخلیق میں اللہ تعالیٰ نے بے شمار نشانیاں رکھی ہیں۔

## فرمانِ الٰہی کی روشنی میں قیامت کا ذکر

اللہ تعالیٰ نے قیامت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ ان کفار کو قیامت کے دن اکٹھا فرمائے گا تو انھیں دنیا میں گزری ہوئی راحت ولذت والی لمبی زندگی اور طویل ماہ و سال ایک مختصر گھڑی محسوس ہوں گے۔ ان کے معبود، اُن سے اظہارِ برأت کر دیں گے۔ وہ کہیں گے تم ہماری عبادت نہیں کیا کرتے تھے۔ چناں چہ ہر شخص کو اپنے اعمال کا پتا چل جائے گا۔ جو اس نے آگے بھیجے تھے۔

## بت پرستی کی تردید کے دلائل

کفار کے ان احوال کے بیان کے بعد بت پرستی کی تردید کے دلائل ذکر کیے گئے ہیں کہ یہ کفار بھی جانتے ہیں کہ رزق دینے والا، کانوں اور آنکھوں کا مالک، زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالنے والا اور ہر امر کی تدبیر کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے، اس کے باوجود یہ

## قرآنِ مجید کی حقانیت

اثباتِ توحید اور شرک کی تردید کے بعد قرآنِ مجید کی حقانیت بیان کی گئی ہے کہ یہ قرآنِ مجید کوئی من گھڑت کتاب نہیں، اگر کسی کو اس کی صداقت میں شک ہے تو وہ اس طرح کی کوئی ایک سورت ہی لا کے دکھا دے، لیکن یہ کفار اپنے باپ دادا کی اندھی تقلید میں قرآن مجید کو جھٹلا رہے ہیں۔

## اعمال کے ذمہ دار

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو فرمایا گیا کہ اگر یہ نہیں مانتے تو انھیں فرما دیں کہ تم اپنے اعمال کے ذمہ دار ہو اور میں اپنے اعمال کا ذمہ دار ہوں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا کام فقط اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا ہے۔

## انبیائے کرام علیہم السلام کا تذکرہ

سُوْرَۃُ یُوْنُس کے آخر میں متعدد انبیائے کرام علیہم السلام کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو تسلی دی گئی ہے کہ ان انبیائے کرام علیہم السلام کی اقوام نے انھیں جھٹلایا اور سرکشی کی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں اور ایمان والوں کو بچا لیا اور سرکش اقوام کو تباہ و برباد کر دیا۔

www.LastHopeStudy.com

Last Hope Study

Watch video Explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study